© rasailojaraid.com

ڈاکٹر صاحب نے طلبار کو کلاس میں لکھانے کے لئے یہ نوٹ لکھے تھے اور اب انھیں کو کتابی صورت میں شائع کر دیا گیا ہے۔ ان کا مطالعہ اسی حیثیت سے کرنا چاہیئے۔ مگر قیمتیں زیادہ ہیں۔

مقام غالب - از سید مبارز الدین صاحب رفعت ایم اے۔ تقطیع خورد۔ ضخامت ۱۶۰ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت دو روپیہ۔ پتہ:- سب رس کتاب گھر۔ خیریت آباد حیدرآباد دکن۔

مرزا غالب اور اُن کی شاعری پر بہتر سے بہتر اور محققانہ کتابیں شائع ہو چکی ہیں اور برابر ہو رہی ہیں۔ یہ کتاب نہ محققانہ ہے اور نہ زیادہ طویل اور مفصّل ہے۔ اس کا مقصد کالج کے طلبا یا عام قاری کو سلیس و شگفتہ اور دلنشین انداز میں مرزا کے حالات و سوانح۔ اُن کی شاعری اور نثر نگاری اور بعض اور کمالات سے واقف کرانا معلوم ہوتا ہے اور اس مقصد میں یہ کامیاب ہے۔ کتاب شاعر کے اردو کلام کے انتخاب پر بھی مشتمل ہے جو خود لائق مؤلف کے حُسنِ ذوق کی دلیل ہے۔ اس کتاب کی خوبی یہ ہے کہ مختصراً بیک وقت غالب سے بھی تعارف ہو جاتا ہے اور غالبیات سے بھی۔ اس بنا پر یونیورسٹیوں کے اردو خواں طلباء کے لئے اس کا مطالعہ مفید بھی ہوگا۔ اور معلومات افزا بھی۔

اسلام اور غیر مسلم

اسلام اور شاہانِ اسلام کے متعلق غیر مسلم دنیا کی طرف سے جتنے پروپیگنڈے کئے گئے ہیں اس کتاب میں مستند اور مشہور غیر مسلم عالموں کے اقوال و بیانات سے اُن کی تردید اور شاہانِ اسلام کی بے تعصبی کا اثبات کیا گیا ہے۔ یہ کتاب اُن تنگ نظر فرقہ پرستوں کے لئے دندان شکن جواب ہے جو یہ ظاہر کرتے ہوئے نہیں تھکتے کہ مسلمانوں نے اپنے دورِ حکومت میں انتہائی تعصب سے کام لے کر غیر مسلموں کے مذہبی احساسات کو بُری طرح کچلا ہے۔ قیمت مجلد مع ڈسٹ کور ؎

مکتبۂ بُرہان۔ اُردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

© rasailojaraid.com